روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 18 نومبر 2004ء 5 شوال 1425 ہجری 18 نبوت 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 259

بھوک سے پناہ مانگنے کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کرتے تھے۔اے اللہ میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ یہ بہت ہی برا ساتھی ہے اور میں تجھ سے خیانت سے بھی پناہ مانگتا ہوں کیونکہ اس سے برا انسان کا دوست اور کوئی نہیں ہوسکتا۔

(سنن ابی داؤد تفریع ابواب الوتر باب الاستعاذة حديث نمبر:1323)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''میں اپنے ذاتی تجربہ سے بھی دیکھ رہا ہوں کہ دعاؤں کی تاثیر آب وآتش کی تاثیر سے بڑھ کر ہے۔بلکہ اسباب طبعیہ کے سلسلہ میں کوئی چیز ایسی عظیم التاثیر نہیں جیسی کہ دعا ہے۔'' (برکات الدعا۔روحانی خزائن جلد 6صفحہ 11)

''ابتلاؤں میں ہی دعاؤں کے عجیب وغریب خواص اور اثر ظاہر ہوتے ہیں۔اور سچ تو یہ ہے کہ ہمارا خدا تو دعاؤں ہی سے پہچانا جاتا ہے۔'' (ملفوظات جلد دوم صفحہ 147)

''نشان کی جڑ دعا ہی ہے۔یہ اسم اعظم ہے اور دنیا کا تختہ پلٹ سکتی ہے۔دعا مومن کا ہتھیار ہے اور ضرور ہے کہ پہلے ابتہال اور اضطراب کی حالت پیدا ہو۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 202)

''جو لوگ اس سلسلہ میں داخل ہوتے ہیں ان کو سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ میں ان کے لئے دعا کرتا ہوں دعا ایسی چیز ہے کہ خشک لکڑی کو بھی سرسبز کرسکتی ہے اور مردہ کو زندہ کرسکتی ہے۔اس میں بڑی تاثیریں ہیں۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 100)

''دعا عمدہ شے ہے۔اگر توفیق ہو تو ذریعہ مغفرت کا ہو جاتی ہے اور اسی کے ذریعہ سے رفتہ رفتہ خدا تعالیٰ مہربان ہو جاتا ہے۔دعا کے نہ کرنے سے اول زنگ دل پر چڑھتا ہے پھر قساوت پیدا ہوتی ہے پھر خدا سے اجنبیت پھر عداوت پھر نتیجہ سلب ایمان ہوتا ہے۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 628)

''لوگ اس نعمت سے بے خبر ہیں کہ صدقات،دعا اور خیرات سے ردبلا ہوتا ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو انسان زندہ ہی مرجاتا۔ (ملفوظات جلد 3صفحہ 201)

''اگر کوئی تقدیر معلق ہو تو دعا اور صدقات اس کو ٹلا دیتی ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس تقدیر کو بدل دیتا ہے۔ (ملفوظات جلد 3صفحہ 24)

''اللہ جلشانہ نے جو دروازہ اپنی مخلوق کی بھلائی کے لئے کھولا ہے وہ ایک ہی ہے یعنی دعا۔جب کوئی شخص بکا وزاری سے اس دروازہ میں داخل ہوتا ہے تو وہ مولائے کریم اس کو پاکیزگی وطہارت کی چادر پہنا دیتا ہے۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 315)

''حصول فضل کا اقرب طریق دعا ہے۔جو دعا.......عاجزی اضطراب اور شکستہ دلی سے بھری ہوئی ہو وہ خدا تعالیٰ کے فضل کو کھینچ لاتی ہے.........اصلی اور حقیقی دعا کے واسطے بھی دعا ہی کی ضرورت ہے۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 397)

''سانپ کے زہر کی طرح انسان میں زہر ہے۔اس کا تریاق دعا ہے جس کے ذریعہ سے آسمان سے چشمہ جاری ہوتا ہے۔جو دعا سے غافل ہے وہ مارا گیا۔ایک دن اور رات جس کی دعا سے خالی ہے وہ شیطان سے قریب ہوا۔ہر روز دیکھنا چاہئے کہ جو حق دعاؤں کا تھا وہ ادا کیا ہے کہ نہیں۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 591)

''اگر تم لوگ چاہتے ہو کہ خیریت سے رہو اور تمہارے گھروں میں امن رہے تو مناسب ہے کہ دعائیں بہت کرو اور اپنے گھروں کو دعاؤں سے پُر کرو۔جس گھر میں ہمیشہ دعا ہوتی ہے خدا تعالیٰ اسے برباد نہیں کیا کرتا۔'' (ملفوظات جلد 3صفحہ 232)

دفتر پنجم تحریک جدید کے آغاز کا اعلان

نئی نسل کیلئے خوشخبری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتر چہارم پر انیس سال کا عرصہ مکمل ہونے پر دفتر پنجم کے آغاز کا اعلان فرما کر جماعت کی نئی نسل کو عظیم الشان ثواب حاصل کرنے کا موقع عنایت فرمایا ہے۔

آپ نے فرمایا:-

''دفتر چہارم کو انیس سال پورے ہوگئے ہیں اس لئے آج سے دفتر پنجم کا آغاز ہوتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اب آئندہ سے جتنے بھی نئے مجاہدین تحریک جدید کی مالی قربانی میں شامل ہوں گے وہ دفتر پنجم میں شامل ہوں گے۔'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 5 نومبر 2004ء)

اندریں صورت جماعتوں سے درخواست ہے کہ سال رواں کے وعدہ جات میں نئے سال شامل ہونے والوں کو دفتر پنجم کے الفاظ سے نمایاں کردیں۔کوشش فرمائی جائے کہ جو بچے اور جماعت میں نئے شامل ہونے والے اور مستورات جو تاحال تحریک جدید کی مالی قربانی کے نظام میں شمولیت سے محروم ہیں ان کو تحریک فرما کر شامل کریں تا وہ اپنے محبوب امام ایدہ اللہ کی مقدس آواز پر تا حد استطاعت دیوانہ وار لبیک کہنے کی سعادت حاصل کریں۔ (وکیل المال اول تحریک جدید)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

ماہر امراض جلد کی آمد

مورخہ 21 نومبر 2004ء کو مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ضرورت منداحباب شعبہ پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر)

مشعل راہ

ہر حالت میں رضائے الٰہی کے طالب رہو

حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب (خلیفۃ المسیح الاول) فرماتے ہیں۔

ایسے لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جن کی نسبت فرمایا کہ............یعنی جنہوں نے اس رحمت اور پاکی کے سرچشمہ قدوس خدا کو چھوڑ دیا اور اپنی شرارتوں، چالاکیوں، ناعاقبت اندیشیوں، غرض قسم قسم کی حیلہ سازیوں اور روباہ بازیوں سے کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔ مشکلات انسان پر آتی ہیں۔ بہت سی ضرورتیں انسان کو لاحق ہیں۔ کھانے پینے کا محتاج ہوتا ہے۔ دوست بھی ہوتے ہیں۔ دشمن بھی ہوتے ہیں۔ مگر ان تمام حالتوں میں متقی کی یہ شان ہوتی ہے کہ وہ خیال اور لحاظ رکھتا ہے کہ خدا سے بگاڑ نہ ہو۔ دوست پر بھروسہ ہو تو ممکن ہے کہ وہ دوست مصیبت سے پیشتر دنیا سے اٹھ جاوے یا اور مشکلات میں پھنس کر اس قابل نہ رہے۔ حاکم پر بھروسہ ہو تو ممکن ہے کہ حاکم کی تبدیلی ہو جاوے اور وہ فائدہ اس سے نہ پہنچ سکے اور ان احباب اور رشتہ داروں کو جن سے امید اور کامل بھروسہ ہو کہ وہ رنج اور تکلیف میں امداد دیں گے، اللہ تعالیٰ اس ضرورت کے وقت ان کو اس قدر دور ڈال دے کہ وہ کام نہ آ سکیں۔ پس ہر آن خدا سے تعلق نہ چھوڑنا چاہئے جو زندگی، موت کسی حال میں ہم سے جدا نہیں ہو سکتا۔

پس خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے خدا تعالیٰ سے قطع تعلق کر لیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تم دکھوں سے محفوظ نہ رہ سکو گے اور سکھ نہ پاؤ گے بلکہ ہر طرف سے ذلت کی مار ہوگی اور ممکن ہے کہ وہ ذلت تم کو دوستوں ہی کی طرف سے آ جاوے۔ ایسے لوگ جو خدا سے قطع تعلق کرتے ہیں وہ کون ہوتے ہیں؟ وہ فاسق، فاجر ہوتے ہیں۔ ان میں سچا اخلاص اور ایمان نہیں ہوتا۔ یہی نہیں کہ وہ ایمان کے کچے ہیں۔ نہیں۔ ان میں شفقت علیٰ خلق اللہ بھی نہیں ہوتی۔

یاد رکھو کبھی یہ بات نہیں ہو سکتی کہ قدوس کے متبع اور بھلے مانس ذلیل ہوں۔ نہیں۔ وہ دنیا میں، قبر میں، حشر میں، جنت میں عیش اور سچا آرام پاتے ہیں۔ وہ ان لوگوں کے جو آگ میں جل رہے ہیں برابر نہیں اور ہرگز نہیں۔ وہ لوگ جو سچے راستباز اور متقی ہیں اور ہمیشہ سکھ پاتے ہیں، یہ لوگ ہی آخر کار کامیاب ہونے والے ہیں۔

میں پھر آخر میں کہتا ہوں کہ کامل ایمان کے بدوں انسان اس درجہ پر نہیں پہنچتا۔ کامل ایمان یہی ہے کہ اسمائے الٰہی پر ایمان لاؤ کہ اللہ تعالیٰ ظالم نہیں ہے کہ ایک ناپاک اور گندے کو ایک پاک اور مومن سے ملاوے اور گندے کو عزت دیوے۔ پھر کامل ایمان میں سے یہ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وسائط پر ایمان لاؤ۔ یعنی ملائکہ پر، اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لاؤ۔ وفادار ہو۔ عسر و یسر میں قدم آگے ہی بڑھاؤ اور جزا و سزا پر ایمان لاؤ۔ نمازوں کو مضبوط کرو اور زکوٰتیں دو۔ غرض یہ لوگ ہوتے ہیں جو متقی کہلاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ آپ کو اور مجھے توفیق دے کہ ہم متقی بن جاویں۔ یاد رکھو کہ دنیا سے وہی تعلق ہو جو خدا چاہتا ہے۔ آخر جیت راستبازوں ہی کی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مخفی در مخفی حالات کا واقف ہے۔ ہمیشہ اس کے پاک قانون کے متبع بنو اور ہر حالت میں رضائے الٰہی کے طالب رہو اور اس پاک چشمہ سے دور نہ رہو۔ آمین۔

(خطبات نور۔ ص 3)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم رشید الدین صاحب کارکن نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد محترم ملک چراغ دین صاحب (سابق کارکن دارالضیافت) ابن اللہ دتہ صاحب دارالرحمت شرقی الف ربوہ مورخہ 2 نومبر بروز منگل ساڑھے بارہ بجے دن وفات پا گئے۔ مرحوم ابتدائی درویشان قادیان میں سے تھے۔ اسی روز نماز عشاء کے بعد بیت المبارک میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور موصی ہونے کی بناء پر تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کروائی۔ مرحوم نے اپنے پسماندگان میں چار بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ احباب کی خدمت میں بلندی درجات کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم خرم سعید صاحب اور مکرمہ ماریہ ملک خرم صاحبہ کو مورخہ 25/اکتوبر 2004ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچی کا نام ''راضیہ خرم'' عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ محترم شیخ سعد الدین سعدی صاحب ابن محترم شیخ عبدالقادر صاحب محقق جنرل مینیجر گلف وڈ انڈسٹری لاہور و محترمہ سعیدہ نورین بٹ صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ واپڈا ٹاؤن لاہور کی پوتی اور محترم ملک محمد اشرف صاحب آف امریکہ کی نواسی ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، سعادت مند، باعمر اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم مرزا عزیز احمد صاحب جہاں زیب بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفایابی کی درخواست ہے۔

مکرم ڈاکٹر پروفیسر عبدالسلام صاحب کی بھاوجہ اہلیہ مکرم عبدالسمیع صاحب مرحوم فیصل ٹاؤن لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے ان کی شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم میاں اظہر محمود صاحب کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پاؤں پر شدید چوٹ آئی ہے احباب جماعت سے ان کی شفایابی کی درخواست ہے۔

ولادت

مکرم مرزا نصیر احمد صاحب چٹھی مسیح مربی سلسلہ مانچسٹر انگلستان لکھتے ہیں خاکسار کے بڑے بیٹے مکرم مرزا اظہیر احمد صاحب اور مکرمہ عطیہ صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مورخہ 15 ستمبر 2004ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جس کا نام حضور انور نے مرزا سفیر احمد عطا فرمایا ہے بچہ وقف نو میں شامل ہے۔ بچہ محترم مرزا محمد حسین صاحب چٹھی مسیح (رفیق حضرت مسیح موعود) کی نسل سے اور محترم چوہدری رشید احمد صاحب آف درگانوالی ضلع سیالکوٹ کا نواسہ ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ مولیٰ کریم اس بچے کو صالح، باعمر، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

اعلان داخلہ

حکومت پاکستان نے کمرشل بینکوں کے اشتراک سے تعلیم کیلئے ایک سٹوڈنٹس لون اسکیم کا آغاز کیا تھا اس سکیم کے تحت ان لائق طلباء کو جنہیں پاکستان کے اندر سائنٹیفک ٹیکنیکل اور پروفیشنل تعلیم میں اپنی اسٹڈیز کے حصول میں مالی مشکلات کا سامنا ہے مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے صرف ان درخواستوں پر توجہ دی جائے گی جو 31 دسمبر 2004ء کو یا اس سے قبل نامزد کردہ برانچوں کی جانب سے وصول ہوں گی۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 7 نومبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

نیشنل کالج آف آرٹس ڈیپارٹمنٹ آف انٹیریئر ڈیزائن نے درج ذیل کورسز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ (i) ماسٹر پروگرام کورس (دوسالہ) (ii) پروفیشنل ڈپلومہ کورس (ایک سالہ) یہ کورسز ایوننگ کلاسز میں سیلف سپورٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ درخواست فارمز کی وصولی کی آخری تاریخ 27 نومبر 2004ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 8 نومبر 2004ء

پاکستان مشین ٹول فیکٹری نے درج ذیل ٹریڈز میں اپرنٹس شپ ٹریننگ کا اعلان کیا ہے (i) مشینسٹ (ii) مینٹینس فٹر (iii) الیکٹریشن (iv) الیکٹرانکس ٹیکنیشن (v) ڈرافٹسمین (مکینیکل) (vi) پریسٹرن مشین (vii) ڈائی رمولڈ میکر۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 28 نومبر 2004ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 8 نومبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

محترم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب کی یادیں اور خدمات

لطف الرحمٰن محمود صاحب ۔ امریکہ

مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب ایک پُر جوش داعی حق اور ممتاز خادم دین تھے۔ اوران کے دل میں قرآن کریم اوراس کے علوم ومعارف کی اشاعت کے لئے ایک خاص تڑپ پائی جاتی تھی۔ وہ ایک انتہائی منظّم اورمتحرک وجود تھے۔ آج انہیں ''مرحوم'' لکھتے ہوئے عجیب لگتا ہے۔

خاکسار 1962ء میں مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی مجلس عاملہ کے حوالے سے ان سے متعارف ہوا۔ ہم دونوں کئی سال تک اس عاملہ کے رکن رہے۔ مولانا اس دور میں مہتمم اطفال تھےاور بلا مبالغہ اپنی ذات میں ایک مجلس بلکہ ایک انجمن تھے۔ یہی تعارف آنے والے برسوں میں ارادت اور عقیدت کی صورت میں پنپتا رہا۔ 1967ء میں عاجز سیرالیون چلا گیا۔ 1974ء میں مولانا امیراورمشنری انچارج کی حیثیت سے سیرالیون تشریف لائے اور انہیں دواڑھائی سال وہاں کام کا موقع ملا۔ ان کے عہد امارت کی تین خصوصیات خاص طور پرقابل ذکر ہیں۔

اول :۔ ابلاغی اورتربیتی دورے

دوم :۔ لٹریچر کی اشاعت

سوم :۔ نئے سکولز کا اجراء

شاید ہی کوئی شہر، قصبہ یا چھوٹی بڑی دیہاتی جماعت ہوجس کا دورہ نہ کیا ہو۔ ان کی واپسی کے بعد سیرالیون میں کئی نئی اور معیاری سڑکیں بن گئیں لیکن انہیں بہت سی کچی سڑکوں پر سفر کرنے پڑے جہاں بارشوں میں کیچڑ کی دلدلوں اور گرمیوں میں گردوغبار سے واسطہ پڑتا ہے۔ مسلم ہسپانیہ کے ایک وزیراعظم اور جرنیل (محمد بن ابی عامر منصور) کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ ہر جنگ سے واپس آکر اپنے کپڑوں سے تمام گرد جھاڑ کر بڑی احتیاط سے ایک صندوقچی میں محفوظ کرلیتے۔ وفات کے بعد ان کی وصیت کے مطابق عمر بھر کی یہ کمائی ان کے چہرے پر مل کر انہیں سپرد خاک کردیا گیا۔ ؎

میرے آقا پیش ہے یہ حاصل شام و سحر

مولانا نے بھی ان للٰہی سفروں میں بہت گرد سمیٹی لیکن اسے کسی ڈبہ میں جمع نہیں کیا۔ غسل میت اور تجہیز و تکفین کے وقت یہ احقر بھی حاضر تھا۔ مجھے اس وقت اس عظیم جرنیل کی رحلت اور تدفین کا واقعہ یاد آگیا۔ گردسفر کا توشہ تو مولانا کے ساتھ نہ تھا۔ البتہ ان کے چہرے پراس طمانیت اورسکینت کا وہ ہالہ ضرور موجود تھا جو ہر نفس مطمئنہ کا مقدر ہوتا ہے۔

مولانا خطیب تو تھے ہی۔ قلم کے دھنی بھی نکلے۔ جہاں بھی رہے۔ تصنیف وتالیف اورنشرواشاعت کی طرف متوجہ رہے۔ قلم وقرطاس، اخبارات وجرائد اور ریڈیو، ٹیلی ویژن، غرض تمام ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرتے رہے ہیں۔ ان کے قلمی کام کا مختصر سا ذکر الگ بھی کروں گا۔

سیرالیون میں انہوں نے ہزارہا دو ورقے اور مختصر اشتہارات ملک کے طول وعرض میں تقسیم کئے۔ بعض کتابچے بھی شائع کئے۔ وہ دوسروں کو بھی اس قسم کے علمی کاموں میں شریک کرنے کا ہنر جانتے تھے۔ برادرم محمد اقبال صاحب سے انہوں نے عربی بول چال عام کرنے کے لئے ایک کتاب ''تعلیم العربیہ'' لکھ کر شائع کی۔ ویسٹ افریقن ایگزامینیشنز کونسل (W.A.E.C.) کے "O" لیول کے اسلامک ریلیجیئس نالج کے نصاب میں حضرت امام نوویؒ کی منتخب کردہ چالیس احادیث بھی شامل تھیں۔ ان کے انگریزی ترجمہ اورتشریح کے لئے اس عاجز کو مکلّف کیا اور یہ مواد عربی متن کے ساتھ شائع کیا۔ دونوں کتابوں کوطلبہ کے علاوہ دیگر احباب نے بھی پسند کیا۔

سیرالیون میں ان کا تیسرا بڑا کام نئے سکولوں کا اجراء تھا۔ ان کی تشریف آوری کے وقت سیرالیون میں جماعت کے 5 سیکنڈری اور 20 پرائمری سکول کام کررہے تھے۔ اپنے قیام 1974ء تا 1976ء کے دوران انہوں نے 11 نئے سیکنڈری اور 30 پرائمری سکول جاری کئے۔ اس عاجز کے 29 سال سیرالیون میں جماعت احمدیہ کے سکولوں کے درودیوار کے سائے تلے گزرے ہیں۔ مجھے تعلیمی اداروں کے تدریسی، مالی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل کا کسی حد تک اندازہ ہے۔ اس لحاظ سے چند سالوں میں اس تعداد میں نئے سکولز کے اجرا کو بہت بڑی کامیابی قرار دیا جاسکتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہاں جماعتی سکولوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا اور اہل نظر تازہ بستیاں آباد کرتے رہے۔ 1976ء میں سیرالیون سے واپسی کے وقت مولانا کے اعزاز میں فری ٹاؤن کے پیراماؤنٹ ہوٹل میں ایک الوداعی تقریب منعقد ہوئی جس میں متعدد ممالک کے سفراء، سرکاری حکام اور جماعت احمدیہ کے بہت سے مداح شامل ہوئے۔ سیرالیون میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے سربراہ مسٹر ہارپر (Mr. W. Harper) نے اپنے ریمارکس میں نئے سکولز کے اجرا پر مولانا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیرالیون میں کام والے مشنوں اور رفاہی تنظیموں کو اس رفتار ترقی کی تقلید کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے 1990ء کے عشرے میں سیرالیون میں جماعت احمدیہ 20 سیکنڈری اور 100 پرائمری سکولز چلا رہی تھی۔ ؏

نظر لگے نہ کہیں اس کے دست و بازو کو

مولانا کو اللہ تعالیٰ نے ٹھوس خدمات کی توفیق عطا فرمائی۔ 1944ء میں انہوں نے زندگی وقف کی۔ تکمیل تعلیم کے بعد 1951ء میں انہوں نے ابلاغی اورتربیتی خدمات کا آغاز کیا۔ مولانا کا بیرونی ممالک میں اعلائے کلمۃ اللہ کا عرصہ تقریباً 20 سال بنتا ہے۔ مزید برآں انہیں 27 سال تک مرکز سلسلے میں قیام کے دوران مختلف انتظامی شعبوں کی سربراہی کا شرف حاصل ہوا۔ سیکرٹری مجلس نصرت جہاں، سیکرٹری حدیقۃ المبشرین، اور ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن) کی حیثیت سے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ مولانا کو لمبے عرصے تک مادر علمی (جامعہ احمدیہ) میں تدریس کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ دینی معاشرے میں استاد کوایک بلند مقام حاصل ہے۔

ذیلی تنظیموں کی سرگرمیوں میں ان کی دلچسپی آخری بیماری تک برقرار رہی۔ خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے ان کی وابستگی کا ذکر شروع میں کرچکا ہوں۔ مجلس انصار اللہ نے بھی ان کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھایا۔ اور بعض شعبوں کی قیادت ان کے سپرد کی۔ وفات سے چند ماہ قبل وہ مجلس خدام الاحمدیہ یو۔ایس۔اے کے نیشنل اجتماع میں بھی شامل ہوئے۔ ضمناً عرض ہے کہ سیرالیون میں انہوں نے اپنی امارت کے دوران خدام الاحمدیہ اورلجنہ اماء اللہ وغیرہ تنظیموں کو بھی منظّم کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ مشرقی صوبے میں گوارا (Guara) چیفڈم کے صدر مقام جورو (Joru) میں خدام کا پہلا اجتماع منعقد کیا جس میں مرکزی روایات کو پیش نظر رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئی۔

ابلاغ حق مولانا کا مقصد حیات اور پروفیشن تھا۔ میں تو یہی عرض کروں گا کہ انہیں اس کا جنون تھا۔ نہ صرف یہ کہ وہ اس کا کوئی موقع ضائع نہیں جانے دیتے تھے بلکہ نئے نئے طریقے سوچتے اور استعمال کرتے رہتے۔ سالہا سال تک پروجیکٹر کے ذریعے سلائیڈز (Slides) دکھا کر جماعتی سرگرمیوں کو مؤثر رنگ میں متعارف کراتے رہے۔ سلائیڈز دکھاتے وقت بڑی جاندار ''کومنٹری'' کرتے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد وہ بچوں کے پاس امریکہ چلے آئے۔ یہ سچ ہے کہ ایک ''واقف زندگی'' صرف دفتری کاغذات میں ریٹائر ہوتا ہے۔ اس کے معمولات کا دھارا بدستور رواں دواں رہتا ہے۔ مولانا نے یہاں آکر آیات قرآنی کے مختلف عناوین پر رنگین اور خوبصورت چارٹس (Charts) بنانے شروع کئے۔ اس ریسرچ میں کئی تازہ دم مستعد نوجوانوں کو شامل کیا۔ سائنسی انکشافات اور حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی بعض پیشگوئیوں پر بھی چارٹس بنوائے اور مختلف شہروں میں جلسوں، تربیتی اجتماعات اور تقاریب میں ان کی نمائش کرتے رہے۔

دو سال قبل ٹیکساس کے ایک شہر ''کالج سٹیشن'' (College Station) کی وسیع وعریض لائبریری میں ایک ایسی ہی کامیاب تقریب میں احقر کو بھی شامل ہونے کا موقع ملا۔ گزشتہ سال Caribbean کے جزائر میں وقف عارضی کے لئے تشریف لے گئے۔ اس کے باوجود یہی احساس غالب رہا۔ ؎

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

مولانا کا حلقۂ احباب بہت وسیع تھا۔ جہاں بھی رہے اچھی یادیں چھوڑ کر آئے۔ ماریشس ایک چھوٹا سا جزیرہ ہے جہاں کئی قومیں آباد ہیں۔ یہ مختلف ادیان و مذاہب کے پیروکاروں کی سرزمین ہے۔ انہیں مرکز نے دو مرتبہ وہاں بھجوایا۔ تقریباً سات سال وہاں مقیم رہے۔ سیرالیون میں جب ''ہرے کرشنا'' مشن قائم ہوا تو ایک پنڈت صاحب زرد رنگ کے کپڑوں میں ملبوس کسی تقریب میں خاکسار سے ملے۔ یہ جان کر کہ میں احمدیہ مشن کا نمائندہ ہوں۔ مجھ سے پوچھنے لگے ''مولانا منیر کہاں ہوتے ہیں''؟ اس کے بعد دیر تک بڑی محبت اور چاہت سے ان سے دوستانہ تعلقات، اور ماریشس میں ان کی کامیابیوں کا ذکر کرتے رہے۔ اس واقعہ سے مولانا کی وسیع المشربی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ مولانا کی ایک اورخوبی یاد آگئی ہے۔ وہ ہے ان کی نکتہ رسی اور حاضر جوابی۔

ایک دوست نے بتایا کہ ہیوسٹن (ٹیکساس) میں ایک مرتبہ ایک نقاد احمدیت نے دوران گفتگو کراچی میں مقیم اپنے پیر صاحب کے کمالات وکرامات کا تذکرہ شروع کیا کہ انہوں نے کس طرح نظر ڈال کر ایک سانپ کو لکڑی بنادیا۔ پھونک مار کر ایک لاعلاج مریض کو شفا بخشی اور لعاب دہن لگا کر ایک شخص کی رگوں سے زہریلے ناگ کا زہر زائل کردیا۔ غرض وہ صاحب دیر تک اپنے ممدوح کی مسیحائی کا دم بھرتے رہے۔ اس خطاب کے بعد انہوں نے جب فاتحانہ انداز سے سامعین پر نظر ڈالی تو مولانا نے صرف اتنا کہا کہ آپ فقط اس سوال کا جواب عنایت فرمائیے کہ محترم پیر صاحب نے دنیا میں اشاعت دین کے لئے کیا خدمات سرانجام دی ہیں؟ یہ سنتے ہی گویا انہیں سانپ سونگھ گیا۔ پھر کچھ ارشاد نہ فرمایا۔ ؎

کامل اس فرقہ زہاد سے اٹھا نہ کوئی

کچھ ہوئے بھی تو یہی رندان قدح خوار ہوئے

مولانا کئی کتابوں کے مصنف ومؤلف تھے۔ بچوں کی تعلیم کے لئے انہوں نے چار کتابوں کا ایک سیٹ (Set) ''کامیابی کی راہیں'' تحریر فرمایا۔ اس کے انگریزی اور فرانسیسی میں بھی کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ حضرت مسیح موعود کی بعض پیشگوئیوں کے حوالے سے ایک کتاب ''روس میں انقلابات'' کے عنوان سے لکھی۔ انہوں نے اپنے حالات زندگی، مشاہدات، تاثرات اور قبولیت دعوات کو اپنی ایک اور کتاب

''احمدیت کی برکات'' میں درج کیا ہے۔ وہ ایک اور کتاب پر کام کر رہے تھے۔ حضرت اقدس کی تحریرات کی روشنی میں وہ یورپ اور امریکہ کے مذہبی اور روحانی مستقبل کے بارے میں مواد یکجا کر رہے تھے۔ اس ضمن میں مجھے فرمایا کہ مغربی مصنفین کی کتابوں میں جہاں جہاں تحریک احمدیت کا ذکر ملے، ان مندرجات کی فوٹو کاپیاں انہیں فراہم کروں۔ احقر نے کچھ مواد بھجوایا جسے تشکر واستحسان کے ساتھ قبول کیا اور یہ کام جاری رکھنے کی تلقین کی۔ رفتید ولے از نہ دل ما۔

مولانا کے خاندان کو ''واقفین زندگی کا خاندان'' کہنا چاہئے۔ ان کے بہت سے عزیز خدمت دین کی توفیق پا رہے ہیں۔ ایک مرتبہ تحدیث نعمت کے طور پر ذکر فرمایا کہ ان میں بہت سے ان کی تحریک پر اس میدان میں آئے ہیں۔ حق مغفرت کرے صدقہ جاریہ کا باغ لگا گئے۔ ان کے ایک صاحبزادے مکرم محمد الیاس منیر کلمہ طیبہ کے تحفظ کی ایک سچی کہانی کے حوالے سے جماعت کی تاریخ کے ایک باب کا عنوان بن چکے ہیں۔

مولانا مرحوم اب ہم میں موجود نہیں۔ خدمت دین کے حوالے سے ایک بھرپور زندگی گزار کر وہ اپنے خالق و مالک کے حضور حاضر ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی عاجزانہ خدمات کو شرف قبول سے نوازے اور ان کی روح کو اعلیٰ علیین میں مقامات قرب سے سرفراز فرمائے۔ ہیوسٹن میں مخلصین کی بڑی تعداد نے جنازہ میں شرکت کی اور ان کے جسد خاکی کو دعاؤں کے ساتھ پاکستان رخصت کیا۔ ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی اور وہ بہشتی مقبرہ کی خاک میں آسودہ لحد ہوئے۔ ع

پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا

چند دن بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لندن میں غائبانہ جنازہ کی امامت فرمائی۔ یہ سب کچھ ان کی نیک بختی اور خوش قسمتی پر دال ہے۔ ہم سب اسی آخری منزل کے مسافر ہیں۔ کارگاہ حیات کے سٹیشن پر اپنا اپنا ٹکٹ سنبھالے گاڑی کے منتظر ہیں۔ ع

تم ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ ہم پیچھے پیچھے آتے ہیں

تجارت کیلئے وقف کریں

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

تجارت ایک ایسی چیز ہے جس میں انسان بغیر کسی خاص سرمایہ کے بہت تھوڑی محنت کے ساتھ کامیاب ہو سکتا ہے۔ جو لوگ اسی طرف توجہ کرینگے وہ نہ صرف اپنے اور اپنے رشتہ داروں کے لئے روزی کا سامان پیدا کرینگے بلکہ دین کی خدمت کیلئے چندہ بھی دے سکیں گے۔ ضرورت ہے کہ ہماری جماعت کے نوجوان اس تحریک کی اہمیت کو سمجھیں اور اپنے آپ کو تجارت کیلئے وقف کریں۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 28 دسمبر 1945ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے اقتباسات کی روشنی میں

مذہب اور سائنس کا تعلق

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

''انسان کے الفاظ میں کمزوری ہے، انسان کے فلسفہ میں کمزوری ہے جوں جوں زمانہ نئے نئے علوم دریافت کرتا ہے وہ اپنے حالات، اپنی اصطلاحات کو بدلتا جاتا ہے لیکن خدا کے کلام میں اس قسم کی کوئی کمزوری نہیں ہوتی بلکہ جوں جوں سائنس ترقی کرتی ہے اس کی صداقت ظاہر ہوتی ہے۔''

(حقائق الفرقان جلد چہارم ص 41)

''نیچر کے عجائبات سے ناواقف تو عجائبات نیچر سے ناواقفیت کی وجہ سے یہ کہہ دیتا ہے کہ فلاں امر خلاف نیچر ہے مگر میرا یقین یہ ہے کہ جس جس قدر سائنس اور دوسرے علوم ترقی کرتے جائیں گے اسی قدر اسلام کے عجائبات اور قرآن شریف کے حقائق اور معارف زیادہ روشن اور درخشاں ہوں گے اور خدا کی تسبیح ہوگی۔'' (حقائق الفرقان جلد چہارم ص 83)

''زمین وآسمان کے تمام ذرات اللہ تعالیٰ کی ہستی اور اس کی ان صفات پر گواہ ہیں پس زمینی علوم یا آسمانی علوم جس قدر ترقی کریں گے خدا تعالیٰ کی ہستی اور ان صفات کی زیادہ وضاحت زیادہ صراحت ہوگی۔ میں اپنے ایمان سے کہتا ہوں کہ میں ہرگز ہرگز تسلیم نہیں کرتا کہ علوم کی ترقی اور سائنس کی ترقی قرآن شریف یا اسلام کے مخالف ہے۔ سچے علوم ہوں اور وہ جس قدر ترقی کریں گے قرآن شریف کی حمد اور تعریف اسی قدر زیادہ ہوگی۔''

(حقائق الفرقان جلد چہارم ص 85)

''انسان کی تحقیقات محدود ہے اور جس قدر ایجادات یا معلومات آج تک ہوئی ہیں یا آئندہ ہوں وہ ہمیشہ اتفاقی ہوا کرتی ہیں اور جب ایک بات ہو جاتی ہے تو پیچھے سے انسان اس کے لئے وجوہات گھڑ لیتا ہے جن لوگوں نے علم سائنس اور طبیعات وغیرہ میں بڑے بڑے مسائل حل کئے ہیں وہ خود اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ یہ سب مسائل اتفاقی طور پر ہی حل ہوئے ہیں۔ خدا تعالیٰ کا فرمانا بالکل سچ ہے۔ (الحجر: 22) جب اللہ چاہتا ہے تو کوئی بات یا مسئلہ کسی کو معلوم ہو جاتا ہے غرض قرآن نے ایسا اسلوب بیان اختیار کیا ہے کہ ان نظاروں میں بھی اس کا اختلاف نہیں ہوتا کوئی تحقیقات کسی قسم کی کیوں نہ ہو آج تک قرآن کے خلاف ثابت نہیں ہوئے۔

جس قدر تحقیقات والے ہیں وہ تمام کلام اللہ کے دشمن ہیں ہر ایک اپنے اپنے رنگ میں قرآن پر حملہ کرنا چاہتا ہے۔ یورپ کے تاریخ دان نجومی، اسٹرانومر، سائنٹسٹ، ڈاکٹر وغیرہ ہر عالم اپنے علم کی رو سے قرآن کی مخالفت پر آمادہ لیکن ان میں سے کامیابی کسی کو نہیں ہوتی اور قرآن کسی سچی بات سے بھی کہیں مخالفت نہیں کرتا۔ اسی لئے میں ہمیشہ نئی تحقیقات کا متلاشی رہتا ہوں اور ہر ایک نئی ایجاد اور کتاب کو دیکھتا ہوں لیکن آج تک مجھے ثابت نہیں ہوا کہ قرآن کی تکذیب کسی طریق سے بھی ہوتی ہے۔''

(حقائق الفرقان جلد دوم ص 45)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

''مذہب اور سائنس کا مقابلہ بہت پرانا چلا آتا ہے۔ ترقیٔ انسان کے مختلف دوروں پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقابلہ ہمیشہ سے چلا آیا ہے۔ سائنس کے ماہروں کو جادوگر کہا گیا، ان پر سختی کی گئی، بعضوں کو جلایا گیا اور طرح طرح کے ظلم ان پر مذہب کے حامیوں کی طرف سے کئے گئے۔ اسی طرح مذہب کے بانیوں کو سائنسدان اور فلسفی مجنون کہتے چلے آئے۔ ان کو ہمیشہ مرگی، ہسٹیریا اور مالیخولیا کے مریض تصور کرتے رہے۔ چنانچہ سائنس کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں پر مذہبی لوگوں کے مظالم بخوبی روشن ہیں اور مذہب کی تاریخ کو جاننے والوں کو فلسفیوں کے یہ ناموزوں القاب خوب معلوم ہیں۔

بعض دفعہ دو چیزوں میں حقیقی تصادم نہیں ہوتا کیونکہ چیز ایک ہی ہوتی ہے اور بعض الفاظ کے اختلاف کی وجہ سے ٹکراؤ معلوم ہوتا ہے۔

مذہب کی تعریف یہ ہے۔ خدا تعالیٰ سے ملنے کا وہ راستہ جو خود اس نے الہام کے ذریعہ دنیا کو بتایا ہو۔ مذہب کے معنی عربی زبان میں راستہ کے ہیں اور دین کے معنی ہیں طریقہ۔

سائنس کے اصول کی تعریف یہ ہے۔ وہ علوم جو منظّم اصولوں کے ماتحت ظاہر ہوئے ہوں اور ظاہری صداقتوں سے جن پر استدلال کیا گیا ہو یا پھر اس سے مراد وہ مادی حقائق ہیں جن کی بنیاد مشاہدہ اور تجربہ پر ہو۔ یعنی استدلال صحیحہ سے بعض حقائق معلوم کئے جائیں۔

مذہب اور سائنس کی اس تعریف کے ماتحت کیا تصادم ممکن ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر مذہب اور سائنس کی یہی تعریف ہے جو ابھی بتائی گئی ہے تو پھر ان دونوں میں تصادم نہیں ہوسکتا۔ مذہب کی حقیقی تعریف یہی ہے ورنہ مذہب سائنس کے تصادم سے بچ نہ سکے گا۔

مذہب ان صداقتوں کا نام ہے جو لقاء الٰہی سے متعلق ہیں اور ان کا علم کائنات عالم کے صانع نے الہام کے ذریعہ دیا ہے اور سائنس ان نتائج کا نام ہے جو کائنات عالم پر انسان خود غور کر کے اور تدبر کرنے کے بعد اخذ کرتا ہے۔ گو مذہب کے بعض حقائق بھی عقل سے معلوم ہو سکتے ہیں مگر سائنس کی بنیاد محض غور و فکر اور تجزیہ اور مشاہدہ پر ہے۔

اب اس تعریف کے ماتحت مذہب اور سائنس میں مقابلہ ہی کوئی نہیں کیونکہ مذہب خدا کا کلام ہے اور سائنس خدا کا فعل اور کسی عقلمند کے قول اور فعل میں اختلاف نہیں ہوسکتا ...... اگر مذہب اور سائنس میں تصادم ممکن نہیں تو کیا وجہ ہے کہ ان میں مقابلہ چلا آیا ہے۔ آخر ان میں جو جھگڑا ہے اس کی کوئی وجہ ہونی چاہئے۔ کیا سائنسدان یوں ہی ظلم کئے گئے۔ ان کو بلاوجہ قتل کیا گیا اور جلایا گیا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تصادم حقیقی نہیں۔ سچا مذہب سائنس سے ہرگز نہیں ٹکراتا اور سچی سائنس مذہب کے خلاف نہیں ہوسکتی کیونکہ مذہب خدا کا قول ہے اور سائنس خدا کا فعل۔ پس خدا کے قول اور فعل میں حقیقی تصادم نہیں ہوسکتا۔ اگر تصادم ہو تو ماننا پڑے گا کہ یا تو مذہب کی ترجمانی غلط ہوئی ہے ...... یا پھر خدا کے فعل (سائنس) کے سمجھنے میں غلطی ہوئی۔......

قرآن تو سائنس کی طرف بار بار توجہ دلاتا ہے چہ جائیکہ اس سے نفرت دلائے۔ قرآن نے یہ نہیں کہا کہ سائنس نہ پڑھنا، کافر ہو جاؤ گے کیونکہ اس سے اس بات کا ڈر نہیں ہے کہ لوگ علم سیکھ جائیں گے تو میرا جادو ٹوٹ جائے گا۔ قرآن نے لوگوں کو سائنس کی تعلیم سے روکا نہیں بلکہ فرماتا ہے۔ (یونس: 102) غور کرو زمین وآسمان کی پیدائش میں آسمان سے مراد سماوی (علوی) علوم اور زمین سے ارضی یعنی جیالوجی، بیالوجی، آرکیالوجی، طبعیات وغیرہ علوم مراد ہیں۔ اگر خدا کے نزدیک ان علوم کے پڑھنے کا نتیجہ مذہب سے نفرت ہوتا تو قرآن کہتا ان علوم کو نہ پڑھنا مگر اس کے برخلاف وہ تو کہتا ہے، ضرور غور کرو، ان علوم کو پڑھو اور اچھی طرح چھان بین کرو کیونکہ اسے معلوم ہے علوم میں جتنی ترقی ہوگی اس کی تصدیق ہوگی۔ قرآن کریم کی یہ آیت سائنس کی طرف توجہ دلاتی ہے۔ (آل عمران: 191,192) فرمایا زمین وآسمان کی پیدائش میں دن رات کے اختلاف میں عقلمندوں کے لئے نشان ہیں زمین اور آسمان کی پیدائش میں غور کرنے سے وہ یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ کوئی چیز فضول اور بے فائدہ پیدا نہیں کی گئی۔

اب دیکھو اس آیت میں سائنس کے متعلق کیسی وسیع تعلیم دی گئی ہے۔ اشیاء کے فوائد اور پھر یہ نتیجہ کہ کوئی چیز بے فائدہ پیدا نہیں کی گئی یہ بغیر تحقیق کے کیسے معلوم ہوسکتا ہے پس قرآن نے خواص الاشیاء کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور ساتھ ہی یہ سنہرا اصول بھی سکھا دیا کہ کسی چیز کو بے فائدہ نہ سمجھو۔ ہم نے کوئی چیز فضول پیدا نہیں کی۔ گویا اسی تحقیق کو جاری رکھنے اور عاجل نتائج سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے...... پس اسلام سائنس کی طرف توجہ دلاتا ہے اور سائنس کی تحقیقاتوں سے اسلام کی تائید ہوتی ہے۔

مذہب اور سائنس کے باہمی تصادم کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بعض لوگ اپنے وہم کو مذہب قرار دیتے ہیں

باقی صفحہ 6 پر

مکرم نصیر احمد صاحب

انسانی جسم میں خوراک کی اہمیت

اگر غذا زندگی کے لئے ضروری ہے تو اس کی زیادتی صحت کے لئے نقصان دہ بھی ہے

غذا ہر جاندار کی بقاء کیلئے بے حد ضروری ہے۔ غذا جسم میں ایندھن کا کام دیتی ہے۔ اس سے صرف پیٹ بھرنے کا ہی کام نہیں لینا چاہئے بلکہ ایسی غذا کا انتخاب کرنا چاہئے جو ہمارے جسم کو بھرپور توانائی بھی فراہم کرے۔ غذا مناسب ہو تو جسم کا نظام بھی درست رہتا ہے۔

غذا اور صحت لازم وملزوم ہیں۔ غذا کے پکانے اور کھانے میں احتیاط ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم کا عجیب نظام بنایا ہے۔ اس میں ٹھوس اور سیال دونوں مادے موجود ہیں۔ دانت، ہڈیاں، کھوپڑی سخت ہیں تو خون رقیق مادہ ہے۔ دل، جگر، گردے نرم اعضاء ہیں۔

بنیادی طور پر جسم خلیوں سے بنا ہے اور یہ خلیہ ہی حیات کی اکائی ہے۔ خلئے ٹوٹتے رہتے ہیں۔ ان کی مرمت بھی ہوتی ہے اور نئے خلئے بھی بنتے رہتے ہیں۔ ان خلیوں کی تعمیر و مرمت کے لئے غذا انتہائی اہم ہے۔

اسلامی طب پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ غذا کو بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے۔ غذا سے علاج کیا گیا پھر دوسرے نمبر پر جڑی بوٹیاں ہیں۔

رسول کریمؐ کے پاس اس وقت کے مدینہ منورہ کے طبیب آئے اور کہا کہ ہمارے پاس کوئی مریض نہیں آتا ہم بے کار بیٹھے رہتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا یہ لوگ پیٹ پوری طرح بھرنے سے قبل کھانے سے ہاتھ روک لیتے ہیں۔ ان کی صحت مندی کا راز کم خوری ہے۔ آپؐ نے فرمایا معدہ انسانی جسم میں حوض کی مانند ہے اس سے نالیاں جسم کے مختلف حصوں میں جاتی ہیں اگر معدہ تندرست ہوگا تو یہ نالیاں صحت مند اشیاء لے کر جائیں گی ورنہ یہ نالیاں بیماری لے کر جائیں گی۔

طب جدید نے اسلام کی سینکڑوں برس پہلے کی کہی گئی ان باتوں کو سو فیصد درست قرار دیا ہے۔ آج کے ڈاکٹر بھی غذا کو صحت کے لئے مفید قرار دیتے ہیں۔

لہسن و پیاز صحت کے لئے بہت اہم ہیں۔ یہ ہائی بلڈ پریشر سے بچاتے ہیں۔ خاص طور پر لہسن دائمی نزلہ وزکام سے بچاتا ہے۔ اسے کچا کھایا جائے تو بہت مفید ہے۔ خون کی تنگ نالیوں کو کشادہ کرتا ہے۔ خون کو پتلا رکھتا ہے۔ دل کے حملے سے بچاتا ہے۔ بھوننے سے ان کی افادیت میں قدرے کمی آجاتی ہے۔

لہسن پیاز کے بعد ہری سبزیاں قدرت کا ایک عظیم تحفہ ہیں۔ ان میں پروٹین سے لے کر کیلشیم اور تیل شامل ہوتا ہے اور وہ خاص جز بھی شامل ہے جو چربی اور تیل کو جسم میں ''حیاتین الف'' میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اس حیاتین کی کمی سے آنکھیں متاثر اور بینائی میں کمی ہو جاتی ہے۔

غذا سے اگر زندگی کی بقاء ہے تو اس کی زیادتی صحت کے لئے خطرناک بھی ہے۔ ''ذیابیطس'' (شوگر) کے مرض کی ایک اہم وجہ بسیار خوری بھی ہے۔ اس مرض پر غذا کو کنٹرول کرنے سے قابو پایا جا سکتا ہے۔

غذا کی بھی قسمیں ہیں۔ ماہرین کی تحقیق کے مطابق غذا کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ہر ایک کی اپنی اپنی افادیت اور اہمیت ہے۔ توانائی دینے والی غذا میں کاربوہائیڈریٹ سرفہرست ہے۔ یہ ہمیں نشاستہ، آلو، دلیا، شکر، مٹھائیاں، مربے، شربت، چاول وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے۔ ان کا استعمال اعتدال سے کرنا چاہئے۔

پروٹین (Protien)

پروٹین سے ہمارا جسم قوت حاصل کرتا ہے۔ یہ جسم میں نئے ٹشو بناتی اور پرانے ٹشوں کی جگہ پر کرتی ہے۔ پروٹین ہمیں جانوروں اور سبزیوں سے حاصل ہوتی ہے۔ جانوروں سے حاصل ہونے والی پروٹین کا بوجھ ہمارے گھریلو بجٹ پر خاصا پڑتا ہے۔ گوشت، مچھلی، مرغی، پنیر، انڈے اور دودھ وغیرہ سے سبزیوں کی نسبت زیادہ پروٹین ملتی ہے۔ چونکہ گوشت وغیرہ سے جو پروٹین حاصل ہوتی ہے وہ عام متوسط یا غریب آدمی آسانی سے برداشت نہیں کر سکتا اس لئے وہ سبزیوں سے با آسانی پروٹین حاصل کر سکتا ہے۔ مٹر، پھلیاں، دالیں اور خشک میوہ جات میں وافر پروٹین پائی جاتی ہے۔

مختلف غذاؤں میں مختلف معیار کی پروٹین پائی جاتی ہے۔

گیہوں کا آٹا، دالیں اور چاول میں پائی جانے والی پروٹین سے جسم کو حرارت اور قوت ملتی ہے۔ جسمانی نشوونما کے لئے پروٹین بے حد اہم ہے۔ جن بچوں کو پروٹین نہیں ملتی ان کے قد اور وزن نہیں بڑھتے۔

پروٹین جسم میں شکر کو متناسب درجہ پر قائم رکھتی ہے۔ اس سے صحت ٹھیک رہتی ہے۔

ایک اہم بات یہ ہے کہ جسم میں آکسیجن کی شمولیت کی رفتار باقاعدہ رہتی ہے۔ اس کی کمی سے خون کے سرخ ذرات جو پھیپھڑوں سے آکسیجن جسم کے مختلف حصوں کو مہیا کرتے ہیں ان کی تعداد بہت کم ہو جاتی ہے۔

پروٹین کے لفظی معنی ''اولین مقام والے'' ہیں۔ غذا میں اسے اول مقام حاصل ہے۔ یہ ہر عمر کے لئے لازمی ہے۔

پروٹین کی کمی سے جہاں بچوں کی نشوونما نہیں ہوتی۔ خون کی کمی رہتی ہے۔ قد نہیں بڑھتا اسی طرح بڑوں میں پاؤں پر سوجن نمایاں لگتی ہے۔ جسم میں ناتوانی سی رہتی ہے۔ ایک بالغ آدمی کو روزانہ دو گلاس دودھ، ایک انڈا، پنیر، دال، مغزیات، وغیرہ استعمال کرنے چاہئیں۔ لسی بھی بہت مفید مشروب ہے جو ہر عمر کے لوگوں کے لئے مفید ہے۔

وٹامنز (Vitamins)

بہت تھوڑی مقدار میں وٹامنز ہمارے جسم کی ضرورت پوری کرنے کے لئے کافی ہوتے ہیں۔ وٹامن دراصل لفظ ''ویٹا امین'' تھا جس کو پولینڈ کے ایک سائنس دان نے دریافت کیا۔ اس لفظ کا مطلب ہے ''زندگی اور صحت کا لازمی جز'' بعد میں یہ وٹامن کے طور پر معروف ہوا۔ اب تک بیس سے زیادہ وٹامن دریافت ہو چکے ہیں۔ یہ قلیل مقدار میں ہونے کے باوجود انتہائی ضروری ہے۔ ان کی مثال اس طرح ہے کہ جیسے گاڑی میں سارے کل پرزے درست ہوں، پٹرول بھی موجود ہو مگر گاڑی کو اسٹارٹ کرنے کے لئے ''اسپارک'' کی ضرورت ہوتی ہے جس سے پٹرول جلتا اور طاقت پکڑتا ہے۔ انسانی جسم میں بھی وٹامن (حیاتین) ''اسپارک'' کا کام دیتے ہیں۔ ان کے ساتھ ملنے سے غذا جزو بدن بنتی ہے۔ وٹامن کئی قسموں کے ہیں اور ان کا حصول متوازن غذا سے ہی ممکن ہے۔ تازہ سبزیاں پھل، انڈے، دودھ اور گوشت مچھلی ان کا اہم ذریعہ ہیں۔

چکنائی (Fats)

یہ انسانی جسم کو گرمائی اور توانائی دیتی ہے۔ یہ کاربن ہائیڈروجن اور آکسیجن کا مرکب ہے۔ یہ ہمیں مکھن، مارجرین سبزیوں کے تیل، مچھلی کا تیل، کریم پنیر، انڈوں اور دودھ سے حاصل ہوتی ہے۔

زیادہ چکنائی کھانے سے خون میں کولسٹرول کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور دل کے امراض جنم لینے لگتے ہیں۔ پورے دن میں ایک چھٹانک (50 گرام) سے زیادہ چکنائی نہیں کھانی چاہئے۔

نمکیات (Minerals)

یہ جسم کے نظام کو درست رکھتے ہیں۔ ہماری روزمرہ کی خوراک میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں پہلے نمبر پر لوہا ہے۔ (Iron) جو کلیجی، گردے، دل اور انڈے وغیرہ میں موجود ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آئرن کی کچھ مقدار گوشت، مچھلی، سبز پتوں والی سبزیاں، آلو اور پھلوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ ''لوہا'' جسم میں خون کے سرخ ذرات (Cells) کو بننے میں مدد دیتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہمارے جسم کو آکسیجن مہیا ہوتی ہے۔

دوسرے نمبر پر کیلشیم (Calcium) اور فاسفورس (Phosphoras) ہے جو دانتوں اور جسم کی ہڈیوں کو مضبوط بناتی ہے۔ بچوں اور حاملہ عورتوں کے لئے بے حد ضروری ہے۔ عمر رسیدہ لوگوں کو بھی کیلشیم ضرور کھانا چاہئے کیونکہ اس عمر میں ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ کو روکنے کے لئے کیلشیم بہت ضروری ہے۔

یہ دودھ، انڈوں، مچھلی، روٹی اور سبزیوں میں ملتی ہے۔ تل بھی کیلشیم کا ایک ذریعہ ہیں اس کے علاوہ ہڈیوں کی یخنی میں بھی کیلشیم وافر اور مفت مل جاتی ہے۔

''سوڈیم'' یہ ہمارے جسم کے سیال میں نمک کی صورت میں موجود رہتا ہے۔

پانی (Water)

پانی صحت کے لئے بے حد ضروری ہے۔ ایک عام آدمی کو روزانہ آٹھ سے دس گلاس پانی ضرور پینا چاہئے۔ پانی ہمارے جسم کے فاضل گندے مادے باہر نکالنے میں معاون ہوتا ہے۔

وٹامنز کا مختصر جائزہ

وٹامن اے: یہ بچوں کی نشوونما کے لئے بہت ضروری ہے۔ آنکھ کی بینائی اسی کی وجہ سے تیز ہوتی ہے۔ کھال اور جلد کی حفاظت کرتا ہے۔ یہ دودھ، مکھن، پنیر، مچھلی اور گاجروں وغیرہ میں موجود ہوتا ہے۔

اس وٹامن کی کمی سے جلد پر خشکی نمودار ہونے لگتی ہے۔ جو بعد میں کھجلی بن کر پورے جسم پر پھیل جاتی ہے۔ بالوں میں کھردراپن آ جاتا ہے۔ جلد کی رنگت بدلنے لگتی ہے۔ آنکھوں کی چمک معدوم ہو جاتی ہے اور وہ بے رونق نظر آنے لگتی ہیں۔ روشنی میں چندھیا جاتی ہیں اور شب کوری کا مرض بھی ہونے لگتا ہے۔ آنکھوں میں آنسو نہ آنے کا سبب بھی اس وٹامن کی کمی اور نگاہ کی کمزوری ہوتا ہے۔ پالک، بتھوا، سلاد، کرم کلہ، مٹر، خوبانی، ٹماٹر میں وٹامن اے زیادہ ہیں اسے کھا کر مرض سے بچا جا سکتا ہے اور قابو بھی پایا جا سکتا ہے۔

وٹامن بی: وٹامن بی کی تعداد بارہ ہے جن کے مجموعہ کو وٹامن بی کمپلکس کہتے ہیں۔ ان کے قدرتی ذرائع یہ ہیں۔ خمیر، انڈے کی زردی، کلیجی، لوبیا، مٹر، چاولوں کی بھوسی، دالوں کی کونپلیں (دال بھگو کر رکھنے سے چند دن بعد جو کونپلیں پھوٹتی ہیں ان میں وافر مقدار میں وٹامن بی پائی جاتی ہے۔ چین میں سبزیوں کی دکانوں پر یہ کونپلیں ڈھیروں کے حساب سے اور بہت ہی سستی ملا کرتی ہیں)۔ وٹامن بی کی کمی سے جسم میں سستی غالب آ جاتی ہے۔ بدہضمی اور قبض ہوتا ہے۔

مزاج میں چڑچڑا پن زیادہ ہوتا ہے۔ اعصابی بیماریاں ہونے لگتی ہیں۔ وٹامن بی 2 کی کمی سے ہونٹ سوج کر پھٹ جاتے ہیں۔ خون بہنے لگتا ہے آنکھوں میں پانی آنے لگتا ہے، پڑھنے یا ٹی وی دیکھنے سے آنکھیں بوجھل ہونے لگتی ہیں۔ باچھیں بھی کٹ جاتی ہیں۔ یہ وٹامن دودھ، کلیجی، گردے، انڈے کی زردی میں پایا جاتا ہے۔

وٹامن بی 3 اور وٹامن بی 5 یہ ہمیں جگر، کلیجی، اناج، مونگ پھلی، بادام، انڈے، پنیر، مچھلی، دودھ، گوشت، خمیر میں ملتا ہے۔

اس کی کمی سے بھوک ختم ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں درد رہتا ہے۔ ذہن پر عجیب سا خوف وہراس چھایا رہتا ہے۔ انسان کھویا کھویا اور بے چین رہنے لگتا ہے۔ بعض اوقات بہکی بہکی باتیں کرنے لگتا ہے اور وہم کا شکار ہونے لگتا ہے۔

وٹامن بی 5 کی کمی سے کھال کھردری ہونے لگتی ہے۔ ذہنی توازن بگڑنے لگتا ہے۔ پاؤں کے تلوے ہر وقت جلتے رہتے ہیں۔ بال بھی جوانی میں سفید ہونے لگتے ہیں۔ یہ ہمیں چاول کے بھوسے، مٹر، گیہوں، جو، کلیجی، دل، گردہ، انڈے کی زردی، اخروٹ، سویابین سے حاصل ہوتا ہے۔

غذا میں بکرے کی کلیجی شامل کرنے سے بہت سی شکایات سے نجات مل جاتی ہے۔ آلو بھی ضرور کھانے چاہئیں۔ بالوں کی سفیدی کے لئے کالے چنوں کا شوربہ ہفتے میں دوبار ضرور کھانا چاہئے۔

وٹامن بی 12: یہ انسانی صحت کے لئے بے حد ضروری ہے۔ اس کی کمی سے خون میں سرخ ذرات بڑھ جاتے ہیں۔ کیل مہاسے بھی اس کی کمی سے نکلتے ہیں۔ یہ ہرے پتوں اور کلیجی وگردے میں کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔

وٹامن سی:۔ اچھی صحت کے لئے یہ وٹامن بہت ضروری ہے۔ اس کی کمی سے جوڑوں میں درد، مسوڑوں میں جلن ورم اور دانتوں سے خون نکلتا ہے۔ یہ ہری ترکاریوں، گریپ فروٹ، ٹماٹر، مالٹا، املی، لیموں اور تازہ پھلوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ ہوا میں تحلیل ہو جاتا ہے لہذا پھل یا سبزی کاٹ کر ڈھانپ کر رکھیں۔

وٹامن ڈی:۔ اسے دھوپ کا وٹامن بھی کہتے ہیں۔

یہ وٹامن کیلشیم اور فاسفورس کے ساتھ مضبوط ہڈیوں اور دانتوں کی ساخت کے لئے ضروری ہے۔ مچھلی کے تیل اور دودھ والی چیزوں میں ملتا ہے۔ ہمارا جسم خود بھی وٹامن ڈی پیدا کرتا ہے۔ جب سورج کی روشنی جلد پر پڑتی ہے تو کھال کے نیچے جو چربی کی ایک تہہ ہوتی ہے اس میں موجود ''ارگوسٹرال'' وٹامن ڈی میں تبدیل ہو کر جمع ہوتا ہے۔ یہ پانی میں حل نہیں ہوتا چربی میں گھلتا ہے۔

اس کی کمی سے ہڈیاں نرم پڑ جاتی ہیں۔ بچوں کے دانت دیر سے نکلتے اور ٹیڑھے بدوضع نظر آتے ہیں۔ ہڈیاں سیدھی رہنے کی بجائے مڑنے لگتی ہیں۔ ایسے تنگ مکان اور گلیاں جہاں دھوپ کا گزر نہ ہوتا ہو وہاں رہنے والے لوگ وٹامن ڈی کی کمی کا شکار ہوتے ہیں۔

بچوں کو وٹامن ڈی والی خوراک ضرور دینی چاہئیں ورنہ ان کے قد چھوٹے اور ہڈیاں مڑی تڑی ہو جاتی ہیں۔ دھوپ کے علاوہ دودھ، مکھن اور کلیجی ضرور کھلانا چاہئے۔

وٹامن ای:۔ یوں تو سارے وٹامن ہی ضروری ہیں

مگر جدید تحقیق سے ثابت ہو رہا ہے کہ وٹامن ای حیات بخش وٹامن ہے۔ گندم اس کا اہم ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ مکئی، سویابین، زیتون کا تیل، پستہ، گوبھی، پالک، مٹر، اخروٹ، کلیجی، انڈے کی زردی میں بھی موجود ہے۔ بغیر چھنا اناج بھی اس وٹامن کا ایک ذریعہ ہے۔

اس کی کمی سے خون کے سرخ ذرات کم ہو جاتے ہیں۔ خواتین کو 45 سال کی عمر کے بعد دس گنا زیادہ یہ وٹامن کھانا چاہئے۔ (روزانہ 30 ملی گرام عام آدمی کو کھانا چاہئے) بوڑھے لوگوں کو بھی یہ وٹامن زیادہ کھانا چاہئے۔ صحت وتوانائی کے لئے بے حد ضروری ہے۔ چکی کا پسا ہوا آٹا اس کے لئے نعمت ہے۔ اسے عضلات کی وٹامن بھی کہتے ہیں اور دل بھی ایک عضلہ ہے یہ دل کے امراض میں بھی مفید ہے۔ اعصاب کو سکون ملتا ہے۔ تکان دور ہوتی ہے۔ بلڈ پریشر میں بھی مفید ہے۔ اس سے خون میں گٹھلیاں نہیں بنتیں۔ زخم پر کھرنڈ آتا ہے اور زخم جلد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس کے کھانے اور لگانے سے جلد کے داغ دھبے دور ہو جاتے ہیں۔

اس وٹامن کے کھانے سے پیشاب آتا ہے۔ لہٰذا استسقائی کیفیت کے مریضوں کو سکون ملتا ہے۔

اس کو کھانے سے سانس نہیں پھولتا۔ خون کی بال جیسی باریک رگوں کی دیواروں کو مضبوط بناتی ہے۔ زخمی اور ٹوٹ پھوٹ والے دل کے لئے از حد ضروری ہے۔

خون کی فراہمی بحال کرنے میں مدد دیتی ہے۔

خون کی رگیں کشادہ ہوتی ہیں اور اعصاب مضبوط ہوتے ہیں۔ اس سے دوران خون بہتر رہتا ہے جسم کے ہر عضلے اور ریشے کو آکسیجن ملتی رہتی ہے۔

اس کو توانائی اور جوانی کا وٹامن بھی کہتے ہیں۔ اسی سال سے زیادہ عمر کی باربرا کارٹ جس نے وٹامن پر ایک کتاب ''بک آف یوتھ'' لکھی ہے۔ وہ خود بھی اس وٹامن کی جیتی جاگتی مثال ہے جو اسی سال سے اوپر ہونے کے باوجود کہیں کم عمر دکھائی دیتی ہے۔

وہ لکھتی ہے کہ ''اس وٹامن کے مسلسل استعمال سے بڑھاپے کا عمل رک جاتا ہے جسم اسمارٹ رہتا ہے، شخصیت دلکش ہوتی ہے''۔

یہ وٹامن جلی اور جھلسی ہوئی جلد کے لئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ اس وٹامن کو افزائش نسل کا وٹامن بھی کہا جاتا ہے۔ بڑی عمر کے امراض کے تدارک کے لئے بھی یہ وٹامن بے حد مفید ہے۔ اس سے کمزوری اور تھکن کا احساس نہیں ہوتا۔

دل کی تکالیف، دل کے درد، جگر اور گردوں کی شکایات، پاؤں کی وریدوں کا پھولنا، جلنے کے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

گویا یہ وٹامن ای .... زندگی ہے، جوانی ہے، توانائی ہے اور راحت ہے۔

بوسنیا، سرب سمجھوتہ

